SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
November 21, 2023

## ایس ای سی پی کا کرپٹو کرنسی اور جوئے کے وُں لائن پلیٹ فارمز کے اشتہارات کانوٹس؛
## کمپنیوں پر غیر قانونی سرمایہ کاری کا ترغیب دینے والے اشتہارات والے پلیٹ فارم سے کاروباری معاہدوں پر پابندی عائد

اسلام آباد(21نومبر) سکیورٹیزاینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے انٹرنیٹ اور مختلف ویب سائٹ پر چلائے جانے والے کرپٹو کرنسی ایکس چینجز اور بیٹنگ (کھیلوں پر شرط لگانے)والے مختلف آن لائن پلیٹ فارمز پر چلنے والے اشتہارات کا نوٹس لیتے ہوئے تمام کمپنیوں اور لمیٹڈ لائبلٹی پارٹنر شپس کو ایسے گمراہ کن اشتہارات چلانے والے ڈیجیٹل پلیٹ فارمز اور کمپنیوں کے ساتھ اشتہاری معاہدے نہ کرنے کی ہدایت کی ہے۔ اس حوالے سے کمیشن نے نوٹیفیکیشن جاری کر دیا ہے۔نوٹیفکیشن میں کمپنیوں کو پہلے سے کئے گئے ایسے معاہدوں کی تنسیخ کرنے کی بھی ہدایت کی ہے۔

ایسے گمراہ کن اشہارات چلانے والی ویب سائٹ غیر منظور شدہ اسکیموں جیسے کہ ڈیجیٹل کوئن،اور آن لائن بیٹنگ(شرط لگانے والے)پلیٹ فارمز کی ڈھکے چھپے انداز میں مارکیٹنگ کرتی ہیں۔ایسی کمپنیاں عمام طور پر کھیلوں کے مختلف پروگرام اور تقریبات کی سپانسرشپ کے تناظر میں ان ممنوعہ اسکیموں کے ناموں اور لوگو وغیرہ کی تشہیر کرتی ہیں،جو کہ عوام میں ان غیر قانونی اسکیموں اور پلیٹ فارم بارے کو فروغ دیتی ہیں۔ یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ کئی نیوز ویب سائٹس اور کھیلوں کے بلاگز بھی غیر منظور شدہ ڈیجیٹل کوئن،آن لائن بیٹنگ کو فروغ دے رہی ہیں۔

عوام مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ ایسے انٹرنیٹ پلیٹ فارمز اور موبائل ایپس میں سرمایہ کاری کرتے وقت انتہائی احتیاط برتیں ۔ یاد رکھیں کہ، ایس ای سی پی یا پاکستان کے کسی بھی دوسرے ریگولیٹر نے اس قسم کے پلیٹ فارم یا سرمایہ کاری کی اسکیمیں کی منظوری نہیں دے رکھی۔ لہذا،ایسی اسکیموں میں سرمایہ کاری سے آپ اپنے قیمتی سرمایہ کا نقصان کر سکتے ہیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005